WWW.ASIAURDU.COM
23 JUNE 2026

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ DAILY ASIA URDU MULTAN
ایشیاء اردو
ملتان/پاکستان
ایڈیٹر انچیف : جنید ملک

جلد نمبر 4 | منگل 07 محرم الحرام 1448ھ 23 جون 2026ء 09 ہاڑ صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 191

دور دراز علاقے، سیمی اربن اور اربن علاقوں میں بیوٹیفکیشن سروسز، ہاسپٹیلٹی اور ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ٹریننگ کورسز کرائے جائیں گے

پنجاب کی بیٹیوں کیلئے تاریخی اقدام؛ 97 کروڑ روپے کی لاگت سے "سحر" پروگرام کا باقاعدہ آغاز

"سحر" پروگرام کیلئے 97 کروڑ روپے مختص، خواتین کو لیپ ٹاپ، انٹرنیٹ ڈیوائس، ڈیٹا پیکیج اور ماہانہ وظیفہ بھی ملے گا، 5365 خواتین کو ووکیشنل ٹریننگ دی جائیگی

ہاسپٹیلٹی ٹریننگ کورس میں کلنری آرٹس، بیکنگ، گیسٹ ریلیشن، فرنٹ ڈیسک اور ایئر لائن مینجمنٹ شامل، لاہور، فیصل آباد، راولپنڈی، ملتان اور گوجرانوالہ میں پہلا بیچ مکمل

چار اضلاع میں 2065 خواتین کیلئے نیل بار کے تعاون سے بیوٹیفکیشن کورسز کا اہتمام، ہیر اسٹائلنگ، سکن کیئر، میک اپ اور نیل آرٹ کورس شامل

"سحر" ٹریننگ مکمل کرنیوالی خواتین کیلئے کامیابی کی دعائیں، نیک تمناؤں کا اظہار، پنجاب کی عورت معاشی طور پر مضبوط ہوگی تو پنجاب ترقی کریگا: مریم نواز شریف

بیوہ، متعلقہ اور مینارٹی سے تعلق رکھنے والے خواتین کو سحر پروگرام میں ترجیح دی جائیگی، ووکیشنل سکل پروگرام کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئیں گے

"سحر" پروگرام کے تحت ٹریننگ خواتین کیلئے جاب پلیسمنٹ کے مواقع بھی مہیا کریگا، خواتین کیلئے گھر کی دہلیز پر ووکیشنل ٹریننگ کا مقصد صنفی مساوات قائم کرنا ہے

لاہور (بیورو چیف) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے ویژنری اقدامات کے تحت پنجاب کی بیٹیوں کیلئے پہلی بار "سکل انہانسمنٹ تھرو ہوم ریچ پروگرام" (سحر) جیسا مثالی پراجیکٹ کا آغاز کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق وویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے تحت پنجاب بھر کی عام خواتین کو گھر بیٹھے فن اور ہنرمند بنایا جائیگا۔ ہنرمند لیبر فورس میں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

بھارت خطے میں پاکستان کا "شریکا" ہے، اسے پاکستان کی عزت ہضم نہیں ہو رہی، ظہیر اقبال چنڑ

لاہور (پیپلا نیوز) ڈپٹی سپیکر ظہیر اقبال چنڑ نے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

فوجداری قوانین، 100 ترامیم پر مشتمل بل اسمبلی میں پیش

بل قائمہ کمیٹی کے پاس زیر غور، خیبر پختونخوا حکومت کی رائے بھی طلب

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وفاقی وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت نے فوجداری قوانین سے متعلق 100 ترامیم پر مشتمل ایک بل قومی اسمبلی میں پیش کیا ہے جو اس وقت قائمہ کمیٹی کے پاس زیر غور ہے، اس پر خیبر پختونخوا حکومت کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

فیلڈ مارشل کی کوششوں کے بغیر ایران امریکا مذاکرات میں پیشرفت ممکن نہ تھی، شہباز شریف

اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے فریم ورک کے تحت ہونے والا پہلا اعلیٰ سطحی کمیٹی اجلاس کامیابی سے ختم ہوا۔ یہ مذاکرات مثبت اور تعمیری ماحول میں ہوئے

امریکا اور ایران کی قیادت کو تعمیری روابط، مذاکراتی عمل سے وابستگی پر خراجِ تحسین پیش، دوست ممالک نے تاریخی عمل کو آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کیا

برگن اسٹاک/اسلام آباد/ (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل کی کوششوں کے بغیر ایران امریکا مذاکرات میں پیشرفت ممکن نہیں تھی۔ سماجی رابطوں کے پلیٹ فارم ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر اپنے بیان میں وزیراعظم

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

299 روپے کے پٹرول کی اصل قیمت 211 روپے ہونے کا انکشاف

پٹرول اور ڈیزل پر عائد مختلف ٹیکسز کی تفصیلات سامنے آ گئیں

لاہور (ویب ڈیسک) 299 روپے کے پٹرول کی اصل قیمت 211 روپے ہونے کا انکشاف، پٹرول اور ڈیزل پر عائد مختلف ٹیکسز کی تفصیلات سامنے آ گئیں۔ تفصیلات کے مطابق پیٹرولیم ڈویژن کے ذرائع نے دعویٰ کیا کہ پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات میں پیشرفت، ایران کو کچھ منجمد اثاثے جاری، ناکہ بندی بھی اٹھا لی گئی، ایرانی وزیر خارجہ

ایران امریکہ مذاکرات کا پہلا دور مکمل، 60 روز میں حتمی معاہدے کے روڈ میپ پر اتفاق

مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام پر اتفاق کیا ہے جو ثالثی کے عمل کیلئے سیاسی نگرانی فراہم کریگی، اعلامیہ مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہوگیا، اسماعیل بقائی

اگر ایران کی قیادت علاقائی عدم استحکام کا باعث بننا اور نیوکلیئر پروگرام چھوڑ دے تو پھر امریکا ایران کیساتھ نئے سرے سے تعلقات بنائیگا، امریکی نائب صدر جے ڈی وینس

برگن اسٹاک/اسلام آباد/تہران/واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران اور امریکہ کے اعلیٰ حکام کے درمیان مذاکرات کا پہلا دور مکمل ہوگیا اور فریقین کے درمیان تکنیکی سطح کے مذاکرات رواں ہفتے برگن سٹاک میں جاری رہیں گے۔ معاہدے میں ثالثی کا کردار ادا کرنے والے قطر اور پاکستان نے چند گھنٹے قبل مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ اسلام آباد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

اراضی قبضہ، درخواست گزار کیخلاف مقدمے پر چیف جسٹس برہم

معاملے کی ازسرنو انکوائری اور رپورٹ طلب، سماعت 6 جولائی تک ملتوی

لاہور (پیپلا نیوز) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے اراضی قبضہ اور پولیس مداخلت سے متعلق کیس میں درخواست گزار کے خلاف مقدمہ درج کرنے پر گوجرانوالہ پولیس کے رویے پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے ریمارکس

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

وزیراعظم محمد شہباز شریف سوئٹزرلینڈ میں الوداعی ملاقات کے بعد پاکستان کے لیے روانہ ہو رہے ہیں

پنجاب حکومت نے محکمہ داخلہ کی اضافی فنڈز ڈیمانڈ منظور کرلی

لاہور (پیپلا نیوز) پنجاب میں امن و امان کی صورتحال مزید موثر بنانے کے لیے محکمہ داخلہ کی جانب سے مانگے گئے اضافی فنڈز کی منظوری دے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

حکومت کا ملک بھر میں فیول سبسڈی ختم کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (پیپلا نیوز) ایندھن کی عالمی قیمتوں میں کمی کے سبب اور وزیراعظم کی منظوری کے بعد حکومت نے ملک بھر میں فیول سبسڈی ختم کرنے کا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

حکومت نے عاشورہ محرم پر عام تعطیل کا اعلان کر دیا

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وزیراعظم شہباز شریف کی منظوری کے بعد عاشورہ محرم کے موقع پر 25 اور 26 جون کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

جسٹس منیب اختر نے بطور قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان حلف اٹھا لیا

کراچی (پیپلا نیوز) جسٹس منیب اختر نے قائم مقام چیف جسٹس آف پاکستان کے عہدے کا حلف اٹھا لیا۔ پیر کو حلف برداری کی تقریب سپریم کورٹ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کے بعد ایرانی وفد واپس روانہ

تہران (پیپلا نیوز) ایرانی وفد سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے چار فریقی مذاکرات مکمل ہونے کے بعد واپس روانہ ہوگیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گلگت بلتستان اسمبلی کے 30 نومنتخب ارکان نے حلف اٹھا لیا

گلگت (پیپلا نیوز) گلگت بلتستان اسمبلی کے 30 نومنتخب ارکان نے حلف اٹھا لیا۔ گلگت بلتستان اسمبلی کے اجلاس میں نومنتخب 30 اراکین اسمبلی نے حلف

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

سندھ اسمبلی کا بجٹ اجلاس، ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی ارکان آمنے سامنے

کراچی (پیپلا نیوز) سندھ اسمبلی کا بجٹ اجلاس جاری ہے جس کے دوران ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی ارکان آمنے سامنے آگئے۔ ایم کیو ایم رکن فرحان انصاری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

لبنان پر اسرائیلی حملے جاری، بچوں اور خواتین سمیت 7 افراد شہید

جنگ بندی کے باوجود اسرائیل کی جانب سے حملوں کا سلسلہ جاری رہا، صور میں بھی 2 فلسطینی نژاد باشندے شہید

اپنے عوام کے تحفظ کے لیے جتنا وقت درکار ہوگا لبنان میں سیکیورٹی زون پر قبضہ برقرار رکھیں گے، اسرائیلی وزیراعظم

بیجنگ، تل ابیب (پیپلا نیوز) جنگ بندی اعلان کے باوجود لبنان پر اسرائیلی حملے جاری ہیں، تازہ کارروائی میں بچوں اور خواتین سمیت 7 افراد شہید ہوگئے۔ لبنانی نیوز ایجنسی کے مطابق اسرائیلی فوج کی جانب سے لبنان پر حملے جنگ بندی کے اعلان کے باوجود جاری ہیں۔ لبنانی نیوز ایجنسی نے بتایا کہ اسرائیلی حملوں میں بچوں اور خواتین سمیت 7 افراد شہید ہوگئے جبکہ صور میں بھی 2 فلسطینی نژاد باشندے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

جسٹس منیب اختر چیف جسٹس سپریم کورٹ کراچی رجسٹری برانچ کا حلف اٹھا رہے ہیں

ایران امریکہ مذاکرات الحمدللہ پاکستان کو بڑی کامیابی ملی، فیلڈ مارشل کا اظہار تشکر

الحمدللہ، پاکستان کو بڑی کامیابی حاصل ہوئی ہے، اور یہ کامیابی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ملی ہے، فیلڈ مارشل

فریقین میں 60 روز میں حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے روڈ میپ پر اتفاق ثالث ملک کی کامیابی قرار دیدی

برگن اسٹاک (مانیٹرنگ ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے پہلے دور کی شاندار کامیابی پر اللہ کا شکر ادا کیا ہے۔ فیلڈ مارشل نے برگن اسٹاک میں گفتگو کرتے ہوئے مذاکراتی دور کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا اور اللہ کا شکر ادا کیا۔ عاصم منیر نے فریقین میں 60 روز میں حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے روڈ میپ پر اتفاق کو ثالث

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

اسلام آباد، خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری کو چیئرپرسن بی آئی ایس پی روبینہ خالد بریفنگ دے رہی ہیں

ایرانی صدر کا آج پاکستان کے مختصر دورے کا امکان

مسعود پزشکیان سول اور فوجی قیادت سے ملاقات کرینگے

اسلام آباد (پیپلا نیوز) ایرانی صدر مسعود پزشکیان کا (آج) منگل کو پاکستان کے مختصر دورے کا امکان ہے۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی صدر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)

پنجاب میں پبلک ٹرانسپورٹ بسوں کو مرحلہ وار الیکٹرک بسوں میں تبدیل کرنے کا فیصلہ

ملتان (سٹی رپورٹ) ملتان سمیت پنجاب

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

مذاکرات کا اگلا مرحلہ پہلے سے کہیں مشکل ہوگا، اسحاق ڈار

امریکا ایران نے سمجھ لیا تنازعات کا واحد حل سفارت کاری ہے

اسلام آباد (پیپلا نیوز) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ امریکا ایران نے سمجھ لیا تنازعات کا واحد حل سفارت کاری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

پنجاب میں پہلی بار محرم الحرام کا سیکیورٹی پلان آرٹیفیشل انٹیلی جنس کی مدد سے تیار

لاہور (پیپلا نیوز) پنجاب میں پہلی بار آرٹیفیشل

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

لاہور، پارلیمانی لیڈر پنجاب اسمبلی سید حیدر علی گیلانی بجٹ اجلاس میں شرکت کیلئے آ رہے ہیں

پنجاب، پراپرٹی فرد کا نظام ختم، یکم جولائی سے گرین سرٹیفکیٹ لازمی قرار

لاہور (پیپلا نیوز) پنجاب بھر میں یکم جولائی 2026ء سے روایتی پراپرٹی فرد کے اجرا کا عمل

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

12 سیٹوں کا معاملہ آئینی، آزاد کشمیر میں کالعدم تنظیم سے مذاکرات نہیں ہونگے، طارق فضل

وفاقی وزرا کو کارکردگی کی بنیاد پر تبدیل یا فارغ کرنا وزیراعظم کا اختیار ہے، وفاقی وزیر

قومی اسمبلی سے وفاقی بجٹ 24 جون کو منظور ہوگا، اتحادیوں سے بات ہوگئی، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے حکومت کی تبدیلی سے متعلق خبروں کو قیاس آرائیاں قرار

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

حکومت کیساتھ مذاکرات بارے کوئی بات نہیں ہو رہی، بیرسٹر گوہر

مذاکرات بڑا ہی سنجیدہ عمل ہے اس کے لئے کہیں بیٹھنا ہوگا، سب کو ذاتی انا سے نکل کر کچھ کرنا ہوگا

پی ٹی آئی سزائیں دینے کے خلاف نہیں، بلکہ سیاسی بنیادوں پر قائم کیے گئے خود ساختہ مقدمات کی مخالف ہے

اسلام آباد (پیپلا نیوز) پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ کسی بھی فورم پر مذاکرات کے حوالے سے فی الحال کوئی بات نہیں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

ویگو ڈالے والے بیان پر کہیں خواجہ آصف کی چھٹی نہ ہو جائے، لطیف کھوسہ

اسلام آباد (پیپلا نیوز) رہنماء پی ٹی آئی سردار لطیف کھوسہ نے کہا ہے کہ ویگو ڈالے والی بات پر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

بانی کی رہائی کیلئے کوششیں ماند پڑ گئی ہیں، علی امین گنڈاپور



پشاور (پیپلا نیوز) سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ بانی تحریک انصاف کی رہائی کے لیے کوششیں ماند

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

گوادر میں چینی کمپنی کا بڑے پیمانے پر بھرتیوں کا اعلان

لائیو اسٹاک پروسیسنگ، برآمدی منصوبوں میں توسیع کے تحت 361 مقامی افراد کو بھرتی کیا جائیگا

گوادر (پیپلا نیوز) گوادر میں کام کرنے والی ایک چینی کمپنی نے اپنے لائیو اسٹاک پروسیسنگ اور برآمدی منصوبوں میں توسیع کے تحت مقامی افراد کے لیے 361 نئی ملازمتوں کا اعلان کیا ہے جس سے علاقے میں روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ متوقع ہے۔ ہانگنگ گروپ نے مختلف انتظامی، تکنیکی اور فیکٹری سطح کی آسامیوں کے لیے بھرتیوں

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

لاہور ہائیکورٹ کا طالبہ کو ایک ماہ میں بازیاب کروانے کا حکم

طالبہ کی والدہ کی جانب سے ایڈووکیٹ مریم عائشہ شیرازی نے دلائل دیئے

لاہور (پیپلا نیوز) لاہور ہائیکورٹ نے سی پی او فیصل آباد کو سیکنڈ ایئر کی طالبہ کو ایک ماہ میں بازیاب کروا کر پیش کرنے کا حکم دے دیا۔ جسٹس طارق ندیم نے طالبہ بازیابی درخواست پر سماعت کی۔ طالبہ کی والدہ فوزیہ کی جانب سے ایڈووکیٹ مریم عائشہ شیرازی نے دلائل دیئے، درخواست گزار کے مطابق طالبہ ایمان وارث اسلامیہ کالج عید گاہ روڈ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

آزاد الیکشن کمیشن، لیول پلیئنگ فیلڈ چاہتے ہیں، اسد قیصر

پشاور (پیپلا نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد قیصر نے کہا ہے کہ حکومت نے مذاکرات کی بات کی لیکن بات

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

لاہور، وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری اور عاشق کرمانی مشترکہ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بجٹ کا بڑا حصہ سود کی ادائیگی پر خرچ ہونا عوام پر اضافی بوجھ ہے، حافظ نعیم

مہنگائی کے دور میں نجی شعبے کے لیے کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا

حکومت کا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے، اعلیٰ عدالتی احکامات کے باوجود حکومت سود ختم کرنے میں سنجیدہ نہیں، امیر جماعت اسلامی

کراچی (پیپلا نیوز) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ حکومت کو پیٹرول کی قیمت 225 روپے 3 سال تک فکس کرنی چاہیے، مہنگائی کے دور میں نجی شعبے کے لیے کوئی ریلیف نہیں دیا گیا، تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا، نجی شعبے کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں، حکومت کا آدھا بجٹ سود میں جاتا ہے، اعلیٰ عدالتی احکامات کے باوجود حکومت سود ختم کرنے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

قطر، LNG پلانٹ میں دھماکا، 13 افراد جاں بحق

66 زخمی، پاکستانی بھی شامل، ایل این جی پلانٹ ایران جنگ کے باعث بند تھا

دوحہ (پیپلا نیوز) قطر کے صنعتی شہر راس لفان انڈسٹریل سٹی میں واقع دنیا کے بڑے مائع قدرتی گیس (LNG) پلانٹس میں سے ایک میں ہونے والے زوردار دھماکا سے خوفناک آگ بھڑک اٹھی۔ عرب میڈیا کے مطابق دھماکا کا باعث گیس

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

پاکستان نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچا لیا، رانا ثنا اللہ

جنگی صورتحال کے خاتمے سے خطے میں استحکام، عالمی معیشت کو فائدہ ہوگا، گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے

جو کام وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کیا ہے وہ نوبیل پیس پرائز سے اوپر کی بات، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وزیراعظم شہباز شریف کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچا لیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو میں رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچا لیا ہے۔ صحافی نے استفسار کیا کہ ثالثی کے بعد کیا نوبیل پیس پرائز پاکستان کو ملنا چاہیے؟ رانا ثنا اللہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

کراچی: امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ویگو ڈالے کے بعد خواجہ آصف نے بلٹ پروف گاڑیوں پر بھی سوال اٹھا دیا

دیکھا جائے کس کس کے پاس بلٹ پروف گاڑی ہے اور کیوں ہے، وزیر دفاع

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے ویگو ڈالے کے بعد بلٹ پروف گاڑیوں کی تعداد میں اضافے پر بھی سوال اٹھا دیا۔ قومی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

پنجاب کے سرکاری اسکولوں میں ہیڈ ٹیچرز کی تعیناتی کیلئے تحریری امتحان لینے کا فیصلہ

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) پنجاب کے سرکاری

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

صوبہ بھر میں نئے ہسپتالوں کا جال بچھایا جا رہا ہے، سلمان رفیق

اجلاس میں تینوں نئے ہسپتالوں کو فعال بنانے کیلئے سمیت دیگر امور کا جائزہ

لاہور (پیپلا نیوز) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت محکمہ سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں نواز شریف انسٹی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

خاتون ملازمہ کی زچگی کی چھٹیوں کے دوران برطرفی، نجی ادارے پر 12 لاکھ جرمانہ

اسلام آباد (پیپلا نیوز) وفاقی محتسب برائے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

لاہور، صوبائی وزیر صہیب برتھ رنگ روڈ ایسٹرن ٹول پلازہ کی ڈیجیٹلائزیشن کا افتتاح کر رہے ہیں

تحریر
عارف کالرو

”سفید سونے کا بحران“

کپاس جسے وائٹ گولڈ کہا جاتا ہے نہ صرف ملکی معیشت میں اہم کردار ادا کرتی ہے بلکہ لاکھوں کاشتکاروں مزدوروں دیھی خواتین کا روزگار بھی کپاس کی فصل سے وابستہ ہے مقامی مثالی کاشت کار عامر خان چانڈیو کا کہنا ہے کہ ایک دھائی سے کپاس کی پیداوار میں مسلسل کمی اری ہے سکسٹائل سیکٹر کو خام مال کی قلت کا سامنا ہے اور درامدات پر انحصار بڑھتا جا رہا ہے جس سے ملکی معیشت اور زرعی خود کفالت پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں پاکستان میں کپاس کی پیداوار میں کمی کی بنیادی وجہ حکومتی عدم توجہ اور کسان دوست پالیسی نہ ہونا ہے۔ جبکہ دیگر بنیادی وجوہات میں غیر معیاری سیڈ موسمیاتی تبدیلی پانی کی عدم دستیابی زرعی تحقیق میں سرمایہ کاری کی کمی اور کپاس کے لیے مراعاتی پالیسیوں کے فقدان کے باعث پی سی جی اے کے اعداد و شمار کے مطابقپاکستان میں کپاس کی پیداوار ایک کروڑ 46لاکھ گانٹھ سے کم ہو کر صرف 56 لاکھ گانٹھ پر آگئی ہے جبکہ ملکی ضرورت ایک کروڑ ساٹھ لاکھ گانٹھ ہے جو نہ صرف انڈسٹری کے پہیہ رکنے کا خدشہ ہے بلکہ کپاس کی گرتی پیداوار غریب خواتین کے روزگار کاشتکاروں کے مسائل میں اضافہ کے ساتھ ساتھ ملکی برامدات کے لیے بھی بڑا دھچکا ہے اس سلسلے میں زرعی ماہر رائے ظفر عباس کا کہنا ہے کہ ترقییافتہ مما لک میں کپاس کی پیداوار اور معیار کو بہتر بنانے کیلئے تحقیقاتی اداروں کو جدید بایو ٹیکنالوجی جنیاتی بہتری ہے لیکن پاکستان میں اس شعبے میں سنجیدہ حکمت عملی کا فقدان ہے پاکستان کے کپاس کے سب سے بڑے زرعی تحقیقاتی ادارے سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹی ٹیوٹ ملتان کو نئی اقسام کی تیاری کے لیے فنڈز دینے کی بجائے زرعی سائنسدانوں و دیگر ملازمین کو تنخواہیں دینے کے پیسے بھی نہیں ہیں اور وہ احتجاج کرنے پر مجبور ہیں پاکستان میں ۱۹۹۱۹۲ میں ایک کروڑ اٹھائیس لاکھ گانٹھ کپاس کی بمپر کراپ ھوئی تھی ۲۰۰۴ ۵ میں ڈیڑھ کروڑ گانٹھ جبکہ ۲۰۱۴۱۵ میں بھی ایک کروڑ ۴۶ لاکھ گانٹھ پیداوار ھوئیلیکن مختلف حکومتوں کی پالیسیوں کی وجہ سے گزشتہ سال ۵۰۵ ملین گانٹھ پیداوار ھوئیَ جب کاشتکار کو اس کی فصل کا مناسب معاوضہ نہیں ملتا تو وہ متبادل فصلوں پر شفٹ ہو جاتا ہے پھر حکومت کو ملکی ضروریات پوریکرنے کے لیے اربوں ڈالرز کا کثیر زرمبادلہ خرچ کر کے درامدات کا سہارا لینا پڑتا ہے محکمہ زراعت کے مطابق ملکی کاٹن پر جی ایس ٹی اٹھارہ فیصد ہے جبکہ غیر ملکی کاٹن کی درامد پر ٹیکس نہیں ہے مقامی کاشت کار کاشف نے بات کرتے ہوءے بتایا کہ حکومت کی جانب سے کپاس کی امدادی قیمت کا اعلان نہیں کیا جاتا کاشتکار کی ستے داموں کپاس سیل ھوتی ہے جب مڈل مینیا بیوپاری کپاس خرید کر لیتا ہے تو کپاس کی قیمتوں میں اضافہ ہو جاتا ہے

دوسری جانب زرعی مداخل (جو چیزیں زراعت کے شعبے میں استعمال ہوں، زرعی الات کھادیں وغیرہ) انتہائی مہنگے ھس یں روزانہ کی بنیاد پر ریٹ کم و زیادہو رہے ہیں اس لیے اس پر بتایا نہیں گیا پاکستان فائبر سیکورٹی کو یقینی بنانے کیلئے کپاس کی پیداوار میں اضافہ ناگزیر ہے کیونکہ ملکی سکسٹائل کا دارومدار مقامی خام مال کی دستیابی پر ہے اگر تحقیقاتی

جدید سیڈ اور پیداواری ٹیکنالوجی فراہم کی جائے کپاس کے لیے جامع پالیسی تشکیل دی جائے تو پاکستان نہ صرف اپنی ضروریات پوری کر سکتا ہے بلکہ اضافی پیداوار کو برامد کر کے زرمبادلہ کما سکتا اگر زراعت پر کپاس کے لیے غیر ملکی مشاہدہ کریں تو انڈیا میں 13 ملین ہیکٹر زر قبے پر کپاس کاشت ہوتی ہے اس سے 320-5 لاکھ بیلز پیھداوار حاصل کی جاتی ہے جبکہ پاکستان میں کاشتکاروں کو نہ تو سپورٹ پرائس دی جاتی ہے اور نہ ہی انہیں جدید ٹیکنالوجی دی جاتی ہے حکومت کو چاہیے کہ 2025 میں 50 لاکھ ایکڑ اراضی پر کپاس کاشت ہوئی جبکہ پیداوار 56

کاشت جبکہ پیداوار 27 لاکھ بیلز ریکارڈ کی گئی سندھ میں 13 لاکھ ایکڑ اراضی پر کاشت جبکہ 29 لاکھ بیلز پیداوار حاصل ہوئی بلوچستان میں 2 لاکھ ایکڑ رقبے کپاس کاشت پیداوار ایک لاکھ 78 ہزار بیلز حاصل ہوئی (ُپی سی جی اے کی ویب سائٹ کے مطابق) اگر اب بھی کپاس کے کاشتکاروں کو جدید پیداواریٹیکنالوجی سے اگاہی پانی کی دستیابی ممکن اور قیمتوں کا مستحکم نظام متعارف کرایا جائے تو اس فصل دوبارہ منافع بخش بنایا جا سکتا ہے ورنہ آنے والے دنوں میں صورتحال سنگین ہو سکتی ہے حکومت کو ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے

معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے اسی طرح زرعی تحقیق پر زیادہ توجہ دی جائے کیونکہ پاکستان سنٹرل کاٹن کمیٹی طویل عرصے سے فنڈز کی عدم فراہمی کی وجہ سے تحقیقی ادارے غیر فعال ہو کر رہ گئے ہیں سی سی ار ائی کے ترجمان ساجد محمود کا کہنا ہے کہ ملک میں جدید اقسام کی تیاری میں مشکلات کا زیادہ سامنا کرنا پڑا ہے پیداوار پر منفی اثر پڑا ہے اگر تحقیقاتی اداروں کو عالمی معیار کے مطابق بنایا جائے ان کے تنخواہوں کے مسائل حل اور موسمی حالات کے مطابق نئی اقسام کی تیاری کے لئے فنڈنگ کی جائے تو مثبت نتائج نکل سکتے ہیں کپاس کی پیداوار بڑھانے کیلئے کسان دوست پالیسی بنائی جائے اس سے نہ صرف پاکستان کی سکسٹائل چلے گی بلکہ ملک میں روزگار کے مواقع پیدا ھوں گے ملکی معیشت بھی مستحکم ہو گی جبکہ کاشتکاروں کو مناسب نرخ نہ ملنے کی وجہ سے انہوں نے متبادل فصلوں پر منتقل ہونا شروع کر دیا ہے وہ کپاس کی بجائے گنے مکئی چاول و دیگر فصلوں کو ترجیح دے رہے ہیں اسی وجہ سے اس سال کپاس کی کاشت کا ہدف کم کر کے 32 لاکھ ایکڑ مقرر کر دیا گیا ہے

صدر وملتانی کاشتکار ملک فیاض الحسن بھٹہ نے کہا ہے کہ حکومت کی ناقص پالیسیوں کی وجہ سے کسان مسائل کا شکار ہے فصلوں کا مناسب معاوضہ نہ ملنے کی وجہ سے وہ وقفہ وقفہ سے متبادل فصلوں پر شفٹ ہوتے رہتے ہیں تاکہ مناسب معاوضہ ملے لیکن زیادہ تر انہیں مایوسی ہوتی ہے اگر حکومت صرف زرعی شعبے کو ریلیف دے دے تو بیرونی قرضے کی ضرورت نہیں پڑے گی ورنہ حکومت کو ہر سال اربوں ڈالرز کا کثیر زرمبادلہ خرچ کر کے ملکی ضروریات پوری کرنے کے لئے روئی و دیگر چیزیں درآمد کرنا پڑیں گی جس کے ملکی معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوں گے انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت زرعی شعبے کو ترجیح بنیادوں پر ریلیف دے ورنہ زرعی شعبہ مزید زبوں حالی کا شکار ہو گا مثالی کاشتکار ڈاکٹر عدیل اختر نے کہا ہے کہ کپاس کے کاشتکاروں کو دوبارہ کپاس کی کاشت برھانے کے لیئے راغب کرنے کے لیے انہیں فصل کا بہتر معاوضہ دینا ہو گا دوسرا اعلی کوالٹی کے سیڈ کی دستیابییقینی بنانا ہو گی ورنہ ملکی ضروریات پوری کرنے کے لیے اربوں ڈالرز کا کثیر زرمبادلہ خرچ کر کے روئی کی درامدات پر انحصار کرنا پڑے گا پاکستان ایگری فورم کے چیرمین راو افسر علی کا کہنا ہے کہ ملک میں

کپاس کی گرتی پیداوار ٹیکسٹائل کی صنعت اور لاکھوں خاندانوں کا روزگار خطرے میں ہے یہ صرف کپاس کی فصل نہیں سکڑ رہی بلکہ ملکی معیشت زوال کا شکار ہو رہی ہے اگر حکومت صرف زرعی شعبے خوہی خصوصی ریلیف دے دے تو نہ صرف ملکی معیشت مستحکم ہو گی بلکہ بیرونی قرضوں پر انحصار کم ہو جائے گا

سنٹرل کاٹن ریسرچ انسٹیٹیوٹ ملتان کی ڈائریکٹر مس صباحت حسین نے کہا ہے کہ مالی مشکلات کے باوجود ان کا ادارہ کاشتکاروں کی کپاس کی کاشت و پیداوار میں اضافے کے لیے بھرپور کردار ادا کر رہا ہے اب تک 40 سے زائد کپاس کی نئی اقسام ان کا ادارہ متعارف کروا چکا ہے ان کی اقسام نے پیداوار بڑھانے اور ملکی معیشت کو مضبوط بنانے میں بھرپور کردار ادا کیا ہے اب بھی موسمیاتی تبدیلیوں کے مطابق نئی اقسام پر تحقیق جاری ہے اگر ان کے ادارے کو مزید فنڈز مل جائیں تو تحقیق میں مزید بہتری آ سکتی ہے

کسان بورڈ ضلع ملتان کے سابق

روئی کی درآمد پر انحصار کرنا پڑے گا جس پر اربوں ڈالرز کا کثیر زرمبادلہ خرچ کرنا پڑے گا جس کے ملکی

لاکھ بیلز ہوئیں فی ایکڑ پیداوار 1-12 ریکارڈ کی گئی پنجاب میں 35 لاکھ ایکڑ رقبے پر کپاس

ادارے فعال کیسے جائیں کسانوں کو

ملتان اور بہاولپور سے بیک وقت شائع ہونے والا اخبار
ایک نئی سوچ کے ساتھ ہر صبح — ABC — باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
DAILY ASIA URDU MULTAN
روزنامہ ایشیاء اردو
ایڈیٹر انچیف: جنید ملک

کلاسیفائیڈ

شرائط و اطلاع مشتہرین و قارئین

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں۔ کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
"ایشیاء اردو" کلاسیفائیڈ اشتہارات خصوصی رعایتی پیکیج کے تحت 50 روپے فی سطر اور کم از کم 3 سطور میں بک کئے جائینگے ایک سطر میں 8 الفاظ ہونے چاہئیں۔
اوور رائٹنگ اور مشکوک مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہوگی۔
اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا تو ادارہ اس کو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔
دو فون نمبروں میں ایک غلط یا ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ شائع ہونے کی صورت میں ادارہ ذمہ دار نہ ہوگا۔
غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں 2 دن میں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں۔
مشتہرین کی سہولت کیلئے مختلف علاقوں میں اشتہارات بکنگ سنٹر کھولے گئے ہیں اگر اشتہار کیلئے آفس آنے میں وقت ہو تو اپنے علاقے میں قائم کردہ روزنامہ ایشیاء اردو سنٹر میں ہمارے مقرر کردہ ریٹ پر اشتہار ا بک کروائیں۔
عوامی اشتہارات بشمول اتوار صبح 10 بجے سے شام 6 بجے تک بک کروائیں۔
اتوار کیلئے اشتہارات بروز جمعہ 5 بجے تک بک کروائے جاسکتے ہیں۔
فون نمبر: 0302-8652233

بقیہ 1

مفاہمتی یادداشت کے فریم ورک کے تحت اعلیٰ سطح کے مذاکرات کے پہلے اجلاس کا اختتام سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن اسٹاک میں ہوا، جس میں ایران اور امریکہ کے درمیان ثالث کا کردار ادا کرنے والے دو ممالک قطر اور پاکستان کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔ اعلامیے کے مطابق سربراہی اجلاس ایک مثبت اور تعمیری ماحول میں منعقد ہوا، جبکہ مزید تکنیکی مذاکرات کے لیے ایک طریقہ کار کے قیام سمیت حوصلہ افزا پیش رفت ہوئی ہے۔ اعلامیے کے مطابق مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر فریقین نے ایک اعلیٰ سطح کی کمیٹی کے قیام پر اتفاق کیا ہے، جو ثالثی کے عمل کے لیے سیاسی نگرانی فراہم کرے گی۔ پاکستان اور قطر کی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق مرکزی مذاکرات کار باقاعدگی سے اس اعلیٰ سطح کی کمیٹی کو رپورٹ پیش کریں گے اور جوہری امور، پابندیوں اور مفاہمتی یادداشت کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے کیلئے نگرانی اور تنازعات کے حل سے متعلق ورکنگ گروپس کی قیادت کریں گے، نیز دیگر امور پر بھی کام کریں گے۔ اعلامیے کے مطابق اعلیٰ سطح کی کمیٹی نے 60 دن کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کیلئے ایک روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے، جو مزید تکنیکی مذاکرات کے فوری آغاز کی بنیاد فراہم کرے گا۔ اس کے علاوہ مفاہمتی یادداشت کے پیراگراف پانچ میں بیان کردہ مدت کے لیے فریقین کے درمیان ایک مواصلاتی رابطہ بھی قائم کیا گیا ہے تاکہ آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کو یقینی بنایا جاسکے اور واقعات و غلط فہمیوں سے بچا جاسکے۔ واضح رہے کہ امریکہ ایران مفاہمتی یادداشت کے پیراگراف نمبر پانچ میں درج ہے کہ اس یادداشت پر دستخط کے بعد ایران 60 دن تک بغیر کسی فیس کے آبنائے ہرمز سے تجارتی جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کیلئے انتظامات کرے گا جبکہ آبنائے ہرمز میں بحری خدمات کے انتظامات کے مستقبل کے حوالے سے عمان کے ساتھ مکالمہ کرے گا۔ اعلامیے میں بتایا گیا کہ فریقین نے ڈی ایسکلیشن سیل (تنازع کم کرنے والا سیل) بنانے پر اتفاق کیا ہے جو فریقین کے درمیان، لبنان کے ساتھ اور ثالثوں کی معاونت سے قائم کیا جائیگا تاکہ مفاہمتی یادداشت کے مطابق لبنان میں فوجی کارروائیوں کے خاتمے کی پابندی کو یقینی بنایا جاسکے۔ اعلامیے کے مطابق تمام امور پر تکنیکی مذاکرات رواں ہفتے کے دوران برگن سٹاک میں جاری رہیں گے۔ اس دوران ثالثی کرنے والے فریق مذاکرات کو تعمیری ماحول میں جاری رکھنے کیلئے اپنی بھرپور کوششیں جاری رکھیں گے، تاکہ حتمی معاہدے تک پہنچا جاسکے۔ دوسری جانب میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان اور قطر کی ثالثی میں مذاکرات میں پیشرفت ہوئی ہے اور امریکا کی جانب سے ایران کو کچھ منجمد اثاثے جاری کر دیے گئے۔ ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے بتایا کہ پاکستان اور قطر کی ثالثی میں لبنان جنگ کے خاتمے کے لیے بڑی پیش رفت ہوئی ہے۔ سوئٹزرلینڈ میں ایران امریکا مذاکرات کے بعد قطر اور پاکستان کی جانب سے مشترکہ اعلامیہ جاری کرنے پر ردعمل دیتے ہوئے ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ ایران کے لیے تیل اور پیٹروکیمیکل کی برآمدات پر پابندیاں ختم کر دی گئی ہیں۔ عباس عراقچی نے بتایا کہ ناکہ بندی اٹھالی گئی ہے اور کچھ منجمد اثاثے جاری کر دیے گئے ہیں اس سے پہلے ایرانی وزارت خارجہ نے بتایا کہ حتمی معاہدے کے آغاز کے لیے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی بات چیت میں دوسرے فریق کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد سے متعلق اچھی پیش رفت ہوئی ہے۔ دریں اثناء ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے تصدیق کی ہے کہ سوئٹزرلینڈ میں مذاکراتی وفد کا کام مکمل ہوگیا ہے، تکنیکی ٹیمیں اپنا کام جاری رکھیں گی ترجمان ایرانی وزارت خارجہ اسماعیل بقائی نے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے مذاکرات کے حوالے سے اعلامیہ قطر اور پاکستان کی جانب سے جاری کیا جائے گا ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق آبنائے ہرمز میں جہازوں کی محفوظ آمد و رفت کا میکانزم ترتیب دینے پر اتفاق کیا گیا ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق حتمی معاہدے کے آغاز کے لیے مذاکرات کی بنیاد رکھنے پر بات چیت کی گئی، بات چیت میں دوسرے فریق کی ذمہ داریوں پر عملدرآمد سے متعلق اچھی پیش رفت ہوئی۔ دریں اثناء امریکی میڈیا کے مطابق امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے بتایا کہ اگر ایران کی قیادت علاقائی عدم استحکام کا باعث بننا اور نیوکلیئر پروگرام چھوڑ دے تو پھر امریکا ایران کے ساتھ نئے سرے سے تعلقات بنائے گا۔ جے ڈی وینس نے کہا کہ ہم سفارتکاری کے ذریعے مشرق وسطیٰ میں تبدیلی لانا چاہتے ہیں، ایسا مستقبل دیکھ رہے ہیں جہاں سب کے لیے امن و خوشحالی ہوگی۔ امریکی نائب صدر نے کہا کہ ایرانی نیوکلیئر پروگرام کے خاتمے کے بعد اب ہمیں آگے بڑھنا ہے، اسلام آباد ڈائیلاگ سے پہلے ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ایران اور امریکا نے اعلیٰ سطح پر مذاکرات کیے ہوں۔ بعد ازاں سوئٹزرلینڈ نے مشرق وسطیٰ کے تنازع کے تناظر میں امریکہ اور ایران کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے والے قطر اور پاکستان کی جانب سے 22 جون کو جاری کیے گئے مشترکہ اعلامیے کا خیر مقدم کیا ہے۔ سوئس حکومت کی جانب سے جاری بیان میں خاص طور پر اس بات کا خیر مقدم کیا ہے کہ فریقین نے 60 روز کے اندر حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے ایک روڈ میپ پر اتفاق کیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ روڈ میپ نئے تکنیکی مذاکرات کے فوری آغاز کے لیے سازگار ماحول فراہم کرتا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ ثالث ممالک، ایران اور امریکہ کے درمیان 21 اور 22 جون کی شب برگن اسٹاک میں جاری رہنے والے انتہائی اہم سفارتی مذاکرات کے دوران ہونے والی تعمیری پیش رفت حوصلہ افزا ہے۔ سوئس حکومت نے اپنے بیان میں کہا کہ فریقین کی جانب سے مفاہمتی یادداشت کی بنیاد پر اعلیٰ سطحی کمیٹی کے قیام کا فیصلہ ایک مثبت قدم ہے، جو سیاسی اور تکنیکی عمل کے اگلے مرحلے کو منظم بنانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ سوئس حکومت نے اس عمل میں اپنی سفارت کاری کے تحت تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس کی کوشش ہے کہ سفارتی اقدامات کشیدگی میں کمی، استحکام اور پائیدار امن کے فروغ میں معاون ثابت ہوں۔ مذاکرات کے حوالے سے امریکی سفارتخانے نے بتایا کہ ایران سے مذاکرات میں آبنائے ہرمز کھلا رکھنے پر اچھی پیشرفت ہوئی، چاروں فریق اس پر مطمئن دکھائی دیے۔ امریکی ویب سائٹ کے مطابق امریکی سفارتکار نے بتایا ہے کہ ایران سے مذاکرات میں آبنائے ہرمز کھلا رکھنے پر اچھی پیش رفت ہوئی ہے۔ امریکی سفارتکار نے بتایا کہ بات چیت مثبت رہی اور فریقین نے جنگ بندی کو موثر بنانے پر زور دیا، مذاکرات میں لبنان میں کشیدگی کم رکھنے کے طریقہ کار پر بھی بات ہوئی۔ امریکی سفارتکار کے مطابق امریکا نے واضح کیا کہ وہ آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر کھلا دیکھنا چاہتا۔ سیاسی قیادت اور تکنیکی ٹیموں کے درمیان آئندہ رابطوں کے فریم ورک پر بھی اتفاق ہوا۔ امریکی ویب

ملتان: عوام کو معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی ترجیحات میں شامل ہے، محمد نعمان صدیق

ڈپٹی کمشنر کی زیر صدارت اجلاس، مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، ریونیو اہداف اور عوامی خدمات کی فراہمی کا جائزہ لیا گیا

ڈپٹی کمشنر نے بہتر کارکردگی دکھانے والے افسران کو سراہا جبکہ ناقص کارکردگی پر متعلقہ افسران سے جواب طلبی بھی کی

ملتان، ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق ضلعی محکموں کے کارکردگی جائزہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

ملتان (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق کی زیر صدارت ضلعی محکموں کا کارکردگی جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں مختلف سرکاری محکموں کی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں، ریونیو اہداف اور عوامی خدمات کی فراہمی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر محمد نعمان صدیق نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو معیاری سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور تمام محکمے مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی کارکردگی مزید بہتر بنائیں۔ انہوں نے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)

ملتان سکھر موٹروے پر موٹروے پولیس کی بڑی کارروائی، پنجاب سے سندھ گندم اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

موٹروے پولیس ایم 5 نے گندم کی غیر قانونی ترسیل ناکام بناتے ہوئے دو ٹرالرز سے 70 ٹن گندم کی غیر قانونی منتقلی پکڑ لی

پکڑی جانیوالی گندم کی مالیت تقریبا 80 لاکھ روپے سے زائد بنتی ہے، ٹرالرز اور ڈرائیورز محکمہ خوراک کے حوالے

ملتان، گندم کی غیر قانونی سمگلنگ کے دوران پکڑے گئے ٹرالرز موٹروے پولیس کی تحویل میں

ملتان (کرائم رپورٹر) ملتان سکھر موٹروے پر موٹروے پولیس کی بڑی کارروائی، پنجاب سے سندھ گندم اسمگلنگ کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 80 لاکھ روپے مالیت کی گندم پکڑ لی۔ ترجمان موٹروے سنٹرل ریجن ملتان کا کہنا ہے کہ موٹروے پولیس ایم 5 کی ظاہر پیر کے قریب بروقت کارروائی کرتے ہوئے گندم کی غیر قانونی ترسیل ناکام بناتے ہوئے دو ٹرالرز سے 70 ٹن گندم کی غیر قانونی منتقلی پکڑ لی جو پنجاب سے سندھ منتقل کی جا رہی تھی۔ ترجمان

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

محرم الحرام، دفعہ 144 نافذ، ڈرون کے استعمال پر مکمل پابندی عائد

ڈرون کے غیر قانونی استعمال کی روک تھام کیلئے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں

دفعہ 144 کی خلاف ورزی پر قانونی کاروائی عمل میں لائی جائیگی، پولیس

ملتان (سٹی رپورٹ) محرم الحرام کے دوران سکیورٹی انتظامات کے پیش نظر ملتان میں ڈرون کے استعمال اور فضائی کوریج پر مکمل پابندی عائد کر دی گئی ہے۔ شہر بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت کسی بھی قسم کی میڈیا کوریج، جلوسوں کی کوریج یا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

فیصل آباد میں زہریلا کھانا کھانے سے دو کمسن بہن بھائی جاں بحق، 4 حالت غیر

فیصل آباد (نمائندہ خصوصی) فیصل آباد کے علاقے سول لائن میں مبینہ طور پر زہریلا کھانا کھانے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38)

آستانہ کفر چٹ، آستانہ شیخن شاہ اور آستانہ طوطے شاہ کے جلوسوں کے واپسی روٹس مسائل کا شکار

خان گڑھ (نامہ نگار) 10 محرم الحرام کے موقع پر آستانہ کفر چٹ، آستانہ شیخن شاہ اور آستانہ طوطے شاہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

پرائمری کلاسوں میں اے آئی بطور مضمون شامل کرنے کا فیصلہ

تعلیمی سیشن 28-2027 سے اول تا پنجم کے نصاب میں شامل کیا جائیگا

طلبا کو اے آئی کا پیپر بھی باقی مضامین کی طرح پاس کرنا لازمی ہوگا

لاہور (پینا نیوز) محکمہ تعلیم نے ایک اہم تعلیمی اصلاحات کے تحت پرائمری سطح پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) کو باقاعدہ مضمون کے طور پر شامل کرنے کا فیصلہ کر لیا، یہ اقدام ملک کی تعلیمی تاریخ میں پہلی بار کیا جا رہا ہے۔ محکمہ تعلیم کے مطابق آئندہ تعلیمی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

قومی سطح پر اتحاد اخوت کے فروغ کیلئے مؤثر اقدامات کیے جائیں، علامہ قاضی نادر حسین

پاکستان میں امن کمیٹیوں کے ناموں کو تبدیل کر کے ان کی جگہ محرم الحرام کمیٹی، اخوت کمیٹی، ملی یکجہتی کمیٹی جیسے نام رکھے جائیں

ملتان، 48 ویں سالانہ عالمی حسینیہ کانفرنس کے رہنما علامہ قاضی نادر حسین علوی، زین بلوچ، شفقت حسین لنگاہ، سلطین رضا لودھی، اسحاق بلوچ، سید عارف اختر کاظمی، پروفیسر طارق حسین شاہ قادری پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملتان (سٹی رپورٹ) اولیاء اللہ کی دھرتی ملتان میں 48 ویں عالمی سالانہ حسینیہ کانفرنس ملتان کے رہنماؤں صوبائی صدر وحدت مسلمین پنجاب علامہ قاضی نادر حسین علوی، چیف آرگنائزر حسینیہ کانفرنس زین بلوچ، مرکزی سیکرٹری جنرل شفقت حسین لنگاہ، بانی حسینیہ کانفرنس سلطین رضا لودھی، ارگنائز محمد اسحاق بلوچ، سید عارف اختر کاظمی متولی امام بارگاہ شان حسین، درگاہ حضرت برہان الدین سرکار کے سجادہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

ترقیاتی اداروں کو خود کفیل بنانے کیلئے ہاؤسنگ سوسائیٹز کے قیام پر کام تیز کیا جائے، کمشنر

صاف ستھرے اور سرسبز ماحول کے لیے شجرکاری کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے، عرفان علی کاٹھیا

بہاولپور، کمشنر عرفان علی کاٹھیا کو ڈائریکٹر بی ڈی اے روبینہ اقبال عباسی جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دے رہی ہیں

بہاولپور (بیورو چیف) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے بہاولپور ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے ڈائریکٹر بہاولپور ڈویلپمنٹ اتھارٹی روبینہ اقبال عباسی سے ادارے کے زیر انتظام جاری ترقیاتی منصوبوں، تعمیراتی سرگرمیوں اور ادارہ جاتی امور کے حوالے سے بریفنگ لی۔ کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ہدایت کی کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے وژن کے مطابق

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

کمشنر کا مرکزی کنٹرول روم سیف سٹی بہاولپور کا دورہ

بہاولپور (بیورو چیف) کمشنر بہاولپور ڈویژن عرفان علی کاٹھیا نے مرکزی کنٹرول روم سیف سٹی بہاولپور کا دورہ کیا اور محرم الحرام کے دوران امن و امان کے قیام کے لیے کیے گئے سکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر کمشنر بہاولپور ڈویژن نے ایس ایس پی سیف سٹی کاشف عبداللہ سے محرم الحرام کے حوالے سے انتظامات، سکیورٹی پلان اور

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

شکار پور، علم بجلی کے تاروں سے ٹکرا گیا، 8 عزادار جاں بحق، 5 زخمی

شکار پور (پینا نیوز) شکار پور کے گاؤں بڈو میں محرم کے جلوس کے دوران علم بجلی کے تاروں سے ٹکرانے سے 8 عزادار جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے کے فوراً بعد مقامی افراد اور امدادی ٹیموں نے زخمیوں اور جاں بحق افراد کو قریبی اسپتال منتقل کیا۔ زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد بہتر علاج کیلئے سکھر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)

پنجاب سول سیکرٹریٹ میں جمعہ کی چھٹی ختم

لاہور (پینا نیوز) پنجاب حکومت نے سول سیکرٹریٹ میں جمعہ کی چھٹی ختم کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے جس کے بعد تمام دفاتر اب ہفتے میں پانچ روز پیر سے جمعہ تک معمول کے مطابق کھلے رہیں گے۔ نئے شیڈول کے تحت سرکاری امور کی رفتار کو بہتر بنانے اور دفتری کارکردگی میں تسلسل برقرار رکھنے کے لیے یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ پنجاب سول

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

ڈی جی خان: تھانہ صدر حدود صدیق آباد میں منشیات فروشی، شہریوں میں شدید تشویش

علاقے میں منشیات کے استعمال اور فروخت کے باعث نوجوان نسل کے مستقبل پر منفی اثرات مرتب ہو رہے ہیں، اہل علاقہ

تھانہ صدر کی حدود میں ڈکیتی کی دو مزید وارداتیں شہری دو موٹر سائیکلیں اور موبائل فون محروم، پولیس کی کارکردگی سوالیہ نشان

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی محرم الحرام کے دوران قیام امن سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ڈیرہ غازی خان (عائشہ صادق) صدیق آباد میں مبینہ منشیات ڈکیتیوں کی بڑھتی وارداتیں، شہری عدم تحفظ کا شکار، پولیس جرائم پر قابو پانے میں ناکام؟ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ غازی خان تھانہ صدر کی حدود صدیق آباد میں مبینہ منشیات فروشی کے حوالے سے شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ اہل علاقہ کا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

پاکپتن: بابا فرید کے عرس میں بد نظمی، بھگدڑ سے 89 افراد زخمی

64 زخمی زائرین کو موقع پر ہی طبی امداد فراہم جبکہ 25 شدید زخمیوں کو مزید علاج کیلئے ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کیا گیا، ریسکیو حکام

ہجوم کے انتظام میں ناقص حکمت عملی اور مناسب انتظامات نہ ہونے کے باعث بد نظمی پیدا ہوئی، جس سے بھگدڑ کے واقعات پیش آئے، زخمی زائرین

کراچی: پاک بحریہ پکڑی گئی منشیات پاکستان کوسٹ گارڈ کے حوالے کر رہی ہے

پاکپتن (پینا نیوز) پاکپتن میں حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکرؒ کے عرس کے دوران بہشتی دروازے کے پہلے روز بہشتی لائن میں بد نظمی اور بھگدڑ کے واقعات پیش آئے، جس کے نتیجے میں 89 زائرین زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق 64 زخمی زائرین کو موقع پر ہی طبی امداد فراہم کی گئی، جبکہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

INTERNATIONAL انٹرنیشنل

برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر کا مستعفی ہونے کا اعلان

پارٹی سربراہی کے انتخابات مکمل ہونے تک عہدے پر رہوں گا، کیئر اسٹارمر

لندن (پینا نیوز) برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے مستعفی ہونے کا اعلان کر دیا۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیئر اسٹارمر نے کہا کہ پارٹی سربراہی کے انتخابات مکمل ہونے تک اپنے عہدے پر رہوں گا، نئی قیادت کو ذمہ داریاں منتقل کرنے کے عمل میں مکمل تعاون اور اپنے بعد آنے والے وزیراعظم کی ہر ممکن مدد کروں گا۔ انہوں نے بتایا کہ آج صبح انکی کنگ چارلس سے گفتگو ہوئی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

اسرائیل میں فوج میں بھرتی سے انکار پر گرفتاریاں جاری

مر جائیں گے مگر اسرائیلی فوج میں نہیں جائیں گے، مظاہرین

تل ابیب (پینا نیوز) اسرائیل میں فوج میں بھرتی سے انکار پر گرفتاریاں جاری ہیں جبکہ مظاہرین نے کہا ہے کہ مر جائیں گے مگر اسرائیلی فوج میں نہیں جائیں گے، اسرائیلی میڈیا کے مطابق فوجی حراستی مرکز کے سامنے گرفتاریوں کے خلاف احتجاج کیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا نے کہا کہ احتجاج تل ابیب سے 30 کلومیٹر دور بیت لید فوجی اڈہ کے سامنے کیا

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

ٹرمپ امریکی اخبار کی خبر پر برس پڑے، بدعنوان قرار دیدیا

ایران جنگ کے بعد زیادہ تبدیلی نہ لانے کا امریکی اخبار کا دعوی غلط ہے، بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ٹرمپ امریکی اخبار کی خبر پر برس پڑے، ''بدعنوان'' قرار دے دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ٹرمپ نے ایک بیان میں کہا کہ چار ماہ کی ایران جنگ کے بعد زیادہ تبدیلی نہ لانے کا امریکی اخبار کا دعوی غلط ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کی فوج، بحریہ اور فضائیہ ختم ہو چکی ہے، لانچنگ پیڈز، میزائل ڈرونز کی تیاری کی ایرانی صلاحیت بھی تقریبا ختم ہو چکی۔ ٹرمپ نے کہا کہ ایرانی اعلی قیادت ختم ہو چکی، آبنائے ہرمز کھلی ہوئی ہے اور تیل کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

امریکا، منشیات اسمگلنگ میں ملوث کشتی پر حملہ، 2 افراد ہلاک

منشیات کی اسمگلنگ کیخلاف یہ کارروائی سدرن اسپیئر آپریشن کے تحت کی گئی، عالمی میڈیا

واشنگٹن (پینا نیوز) امریکی فوج نے کہا ہے کہ منشیات کی اسمگلنگ میں ملوث کشتی پر حملے میں 2 افراد ہلاک جب کہ 6 افراد سمندر میں پھنس گئے، بین الاقوامی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق منشیات کی اسمگلنگ کے خلاف یہ کارروائی سدرن اسپیئر آپریشن کے تحت کی گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ کارروائی کے دوران 6 زندہ بچ جانے والے افراد سے متعلق امریکی کوسٹ گارڈ کو آگاہ کر دیا گیا تاہم ان کی حالت یا ریسکیو سے متعلق مزید تفصیلات فراہم نہیں کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)

لبنان میں سیکیورٹی زون پر قبضہ برقرار رکھیں گے، اسرائیلی وزیراعظم

اپنے عوام کے تحفظ کے لیے جتنا وقت درکار ہوگا، قبضہ برقرار رکھیں گے، بیان

تل ابیب (پینا نیوز) اسرائیلی وزیراعظم کی ہٹ دھرمی برقرار ہے، انہوں نے کہا کہ اسرائیلی فوج جنوبی لبنان میں سیکیورٹی زون پر قبضہ برقرار رکھے گی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیتن یاہو کا کہنا تھا کہ ہم نے لبنان میں سیکیورٹی زون قائم کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپنے عوام کے تحفظ کے لیے جتنا وقت درکار ہوگا، قبضہ برقرار رکھیں گے۔ دو روز قبل اسرائیلی وزیراعظم بن یامین نیتن یاہو نے جنوبی لبنان پر حملے روکنے کا حکم دیا تھا۔ وزیراعظم نیتن یاہو اور اسرائیلی وزیر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

بھارت، 12 سالہ لڑکے نے 9 ماہ کی بچی کو جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا

ملزم نے بچی کا اغواء کرنے سے پہلے شراب پی اور اپنے موبائل فون پر فحش مواد دیکھا، بھارتی میڈیا

نئی دہلی (پینا نیوز) بھارتی ریاست اتر پردیش میں ایک 12 سالہ لڑکے نے 9 ماہ کی بچی کو اغواء کرنے کے بعد جنسی زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق پولیس نے لڑکے کو گرفتار کر لیا ہے اور تفتیش کے دوران یہ انکشاف ہوا ہے کہ اس نے جمعے کی رات کو بچی کا اغواء کرنے سے پہلے شراب پی اور اپنے موبائل فون پر فحش مواد دیکھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ تفتیش کے دوران لڑکے کے فون پر 50 سے زیادہ فحش ویڈیوز ملیں۔

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

SHOWBIZ شوبز

نامور قوال امجد صابری کی 10 ویں برسی منائی گئی

امجد صابری نے بھارت، نیپال، امریکہ، لندن سمیت 17 سے زائد ممالک میں پرفارمنس دی

لاہور (پینا نیوز) نامور قوال امجد صابری کی 10 ویں برسی گزشتہ روز 22 جون کو منائی گئی۔ 1976 میں کراچی کے معروف قوال گھرانے میں آنکھ کھولنے والے امجد صابری کو قوالی کا ذوق وشوق ورثے میں ملا۔ قوالی کی ابتدائی تربیت والد غلام فرید صابری اور بڑے بھائی عظمت صابری عرف اجو بھائی حاصل کی۔ امجد صابری نے فنی تعلیم و تربیت کی تکمیل کے بعد قوالی کے شعبے میں اس انداز سے اپنی صلاحیتوں کو منوایا کہ جس کی مثال کم ہی ملتی ہے۔ امجد صابری نے بھارت،

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے موضوع پر ایک روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد

ٹریننگ کا مقصد زرعی یونیورسٹی کی فیکلٹی میں آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن سسٹم کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور اس سے متعلق مختلف پہلوؤں پر ٹریننگ دینا تھا

ملتان، ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں منعقدہ ٹریننگ ورکشاپ سے شرکاء خطاب کر رہے ہیں

ملتان (ایجوکیشن رپورٹر) محمد نواز شریف زرعی یونیورسٹی کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل کے زیر اہتمام آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن کے موضوع پر ایک روزہ ٹریننگ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ٹریننگ کا مقصد زرعی یونیورسٹی کی فیکلٹی میں آؤٹ کم بیسڈ ایجوکیشن سسٹم کی اہمیت کو اجاگر کرنا اور اس سے متعلق مختلف پہلوؤں پر ٹریننگ دینا تھا۔ ورکشاپ کے ریسورس پرسن انجینئر ڈاکٹر صادق حسین، سابق ڈائریکٹر کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC)، NFC

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

عوام کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح، اشفاق احمد چوہدری

کمشنر کا قصبہ بصیرہ قلندرانی میں قائم مریم نواز ہیلتھ کلینک کا دورہ، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

کمشنر ڈیرہ غازی خان اشفاق احمد چوہدری مریم نواز ہیلتھ کلینک بصیرہ کے دورہ کے موقع پر طبی عملے سے گفتگو کر رہے ہیں

ڈی جی خان (ڈویژنل بیورو چیف) کمشنر ڈیرہ غازی خان ڈویژن اشفاق احمد چوہدری نے ضلع مظفرگڑھ کے علاقے قصبہ بصیرہ قلندرانی میں قائم مریم نواز ہیلتھ کلینک کا اچانک دورہ کیا۔ انہوں نے کلینک میں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، ڈاکٹرز و پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری، صفائی ستھرائی، ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو دی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ کمشنر نے علاج کیلئے آئے شہریوں سے ملاقات کی اور ان سے طبی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

اداکارہ زینب رضا کے لباس پر سوشل میڈیا صارفین کی تنقید

قومی سطح پر نشر ہونے والے ڈراموں میں لباس کے حوالے سے زیادہ احتیاط برتی جانی چاہیے، صارفین

لاہور (پینا نیوز) اداکارہ اور ماڈل زینب رضا کو ایک ڈرامے میں پہنے گئے لباس کے باعث سوشل میڈیا پر تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ تفصیلات کے مطابق زینب رضا کے ڈرامے میں جہاں ان کی اداکاری کو ناظرین کی جانب سے سراہا جا رہا ہے، وہیں ان کے ملبوسات نے بھی توجہ حاصل کر لی ہے۔ ڈرامے کے ایک منظر میں اداکارہ جامنی رنگ کی ساڑھی میں نظر آئیں، جس کے ساتھ پہنا گیا بلاؤز بعض ناظرین کے نزدیک غیر معمولی طور پر بولڈ تھا، اگرچہ منظر کو ایڈیٹنگ کے ذریعے محدود انداز میں پیش کیا گیا، تاہم لباس کے انتخاب نے سوشل میڈیا پر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

حج 2027 کیلئے عازمین کی آن لائن رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز

بیرون ملک مقیم پاکستانی بھی کسی بھی ملک سے حج کیلئے رجسٹریشن کروا سکیں گے

پاسپورٹ کی میعاد 16 نومبر 2027 تک ہونی چاہیے، وزارت مذہبی امور

اسلام آباد (پینا نیوز) حج 2027 کے لیے عازمین کی آن لائن رجسٹریشن کا باقاعدہ آغاز ہو گیا اس حوالے سے ترجمان وزارت مذہبی امور نے کہا کہ عازمین حج وزارت مذہبی امور کی آفیشل ویب سائٹ پر رجسٹریشن کروا سکتے ہیں، رجسٹریشن کے ابتدائی مرحلے کے لیے فی الحال پاسپورٹ ہونا لازمی نہیں۔ ترجمان نے کہا کہ حج بکنگ کے مرحلے پر پاسپورٹ لازمی ہوگا، جس کی میعاد 16 نومبر 2027 تک ہونی چاہیے، صرف رجسٹرڈ افراد ہی حج 2027

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

چائلڈ پروٹیکشن کا ریسکیو آپریشن، 3 بچے حفاظتی تحویل میں لے

بچوں کو لاری اڈہ اور جلیل آباد سے حفاظتی تحویل میں لیا گیا

ملتان (سٹی رپورٹر) چیئرپرسن چائلڈ پروٹیکشن بیورو سارہ احمد کی ہدایت پر ریسکیو آپریشن چائلڈ پروٹیکشن اینڈ ویلفیئر بیورو نے گھر سے بھاگے گمشدہ 3 بچے حفاظتی تحویل میں لے لئے حفاظتی تحویل میں لئے گئے بچوں میں 9 سالہ منیب، 12 سالہ طیب، 10 سالہ حسنین شامل ہیں بچوں کو لاری اڈہ اور جلیل آباد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 65)

بینک افسر بن کر شہریوں کو لوٹنے والے 3 رکنی گینگ گرفتار

ملزمان کے قبضے سے موبائل فون اور چیک بکس برآمد کر لی گئیں

گینگ کے دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا

لاہور (پینا نیوز) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی آئی اے) نے بینک افسر بن کر شہریوں کو لوٹنے والے 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان آصف، رضوان اور سمیع اللہ کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت مقدمہ درج کر لیا گیا ملزمان کے قبضے سے موبائل فون اور چیک بکس برآمد کر لیں جبکہ گینگ کے دیگر سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے تفتیش کا دائرہ وسیع کر دیا گیا۔ ڈائریکٹر پنجاب محمد علی وسیم نے واضح کیا کہ معصوم

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 66)

مومنہ اقبال کیخلاف توہین آمیز ریمارکس، اسپیکر پنجاب اسمبلی کا سخت نوٹس

ملک احمد خان نے توہین آمیز تعصب پر مبنی ریمارکس کو سرکاری ریکارڈ سے حذف کر دیا

لاہور (پینا نیوز) اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے اداکارہ مومنہ اقبال کے خلاف اسمبلی فلور پر دیے گئے ریمارکس کی شدید مذمت کرتے ہوئے انہیں توہین آمیز اور تعصب پر مبنی قرار دیتے ہوئے سرکاری ریکارڈ سے حذف کر دیا۔ اسمبلی اجلاس کے دوران رکن صوبائی اسمبلی ندیم قریشی نے سیاسی نمائندگی پر جاری بحث کے دوران مومنہ اقبال کا نام لیتے ہوئے یہ ریمارکس دیے تھے۔ اس موقع پر اسپیکر نے فوری مداخلت کرتے ہوئے رکن اسمبلی کو اپنے الفاظ واپس لینے کی ہدایت کی۔ اسپیکر نے کہا کہ مومنہ اقبال شوبز انڈسٹری کی ایک باعزت شخصیت

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

ڈیرہ: انسانی جانوں اور املاک کے تحفظ کے لیے تمام ادارے فیلڈ میں متحرک رہیں، DGPDMA

ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید کا دورہ ڈیرہ غازی خان، ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی

ضلعی انتظامیہ کو اسکی ضروریات کے مطابق امدادی سامان فراہم کیا جائیگا تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں بروقت اور مؤثر ردعمل یقینی بنایا جا سکے

ڈیرہ غازیخان، ڈی جی پی ڈی ایم اے عمر جاوید کو ڈوسیفن پر بریفنگ دی جا رہی ہے

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) ڈائریکٹر جنرل پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی عمر جاوید نے ڈیرہ غازی خان کا دورہ کیا اور ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد کے ہمراہ ڈی سی آفس میں ممکنہ سیلابی صورتحال کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کی۔ ڈوڈور رود کوہی سیفن کا بھی دورہ کیا۔ اس موقع پر ضلعی کنٹرول روم، فلڈ ڈیفنس سسٹم، رود کوہیوں اور زیر آب آنے والے علاقوں کا بھی دورہ کیا گیا۔ انتظامات، تیاریوں اور اربن یونٹ کی جانب سے

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)

مظفرگڑھ: خان گڑھ مین سٹی روڈ پر گہرے گڑھوں کے باعث لوڈ ٹرالر الٹنے سے بڑا حادثہ

سابق ایم پی اے اور موجودہ ایم این اے کی رہائش گاہ سے چند قدم کے فاصلے پر روڈ پر گڑھے پڑنے سے ایک لوڈ ٹرالر الٹ گیا

خان گڑھ کا مین سٹی روڈ کئی سالوں سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار، شہریوں کا اعلیٰ حکام سے نوٹس لیکر سڑک کی فوری مرمت کا مطالبہ

خان گڑھ کے مین سٹی روڈ پر گڑھے کے باعث الٹنے والا لوڈ ٹرالر

مظفرگڑھ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) مظفرگڑھ کے نواحی علاقے خان گڑھ کے مین سٹی روڈ اور سابق ایم پی اے اور موجودہ ایم این اے کی رہائش گاہ سے چند قدم کے فاصلے پر روڈ پر گڑھے پڑنے سے ایک لوڈ ٹرالر الٹ گیا تفصیلات کے مطابق مظفرگڑھ کے نواحی علاقے خانگڑھ میں سابق ایم پی اے اور موجودہ ایم این اے کی رہائش گاہ سے چند قدم کے فاصلے پر روڈ پر گہرے گڑھوں کے باعث ایک لوڈ ٹرالر الٹ گیا جس کے باعث ٹریفک کی

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 67)

بعض اداکاراؤں کو انکے والدنے بچپن میں ہی چھوڑ دیا: بشریٰ انصاری

کوئی باپ اپنے بچوں کو کیسے چھوڑ سکتا ہے، کیا وہ اپنی بیٹیوں کے بارے میں نہیں سوچتے؟

کراچی (پینا نیوز) پاکستان کی مایہ ناز سینئر اداکارہ اور میزبان بشریٰ انصاری نے انکشاف کیا ہے کہ ہماری انڈسٹری کی بعض معروف اداکاراؤں کو ان کے والد نے بچپن میں ہی چھوڑ دیا تھا۔ انہوں نے اپنے ایک حالیہ وی لاگ میں پاکستانی شوبز انڈسٹری کی ان اداکاراؤں کے حوالے سے گفتگو کی جو مبینہ طور پر بچپن میں اپنے والدین کی طرف سے نظرانداز یا چھوڑ دیے جانے کے بعد میڈیا انڈسٹری میں آئیں۔ اداکارہ نے کسی کا نام لیے بغیر کہا کہ میں نام نہیں لے رہی لیکن ہماری انڈسٹری کی کئی باصلاحیت اور کامیاب اداکارائیں ایسی ہیں جنہیں بچپن میں ان کے والد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

ساہیوال، بیٹے سے رنجش، ٹیچر کی ماں تشدد سے جاں بحق

تین بھائیوں سمیت 5 کیخلاف قتل کا مقدمہ درج، ایک گرفتار

ساہیوال (بیورو چیف) نواحی چک 9 چودہ ایل میں ایک بوڑھی خاتون خالدہ نفیس کو بیٹے سے رنجش کی بنا پر تین بھائیوں سمیت پانچ ملزموں نے تشدد کر کے ہلاک کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایک سکول ٹیچر آمنہ مجید کے بھائی عمیر مجید کا معمولی بات پر عدنان اکرم کمبوہ سے دو روز قبل جھگڑا ہوا تھا جس پر عدنان اکرم کمبوہ عثمان اکرم کمبوہ اور ارسلان اکرم کمبوہ تین بھائیوں نے دو نا معلوم مسلح افراد کے ہمراہ پستول اور ڈنڈوں سمیت گھر میں داخل ہو کر

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)

لاہور، صوبائی وزیر معدنیات سردار شیر علی گورچانی پنجاب اسمبلی کے بجٹ اجلاس میں شرکت کیلئے آ رہے ہیں

پنجاب کے سرکاری کالجز کی داخلہ پالیسی میں تبدیلی

داخلوں میں اضافے کا ہدف 20 سے کم کر کے 10 فیصد مقرر

لاہور (پینا نیوز) پنجاب کے سرکاری کالجز میں داخلہ پالیسی میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے رواں سال داخلوں میں اضافے کا ہدف 20 فیصد سے کم کر کے 10 فیصد مقرر کر دیا گیا ہے۔ یہ فیصلہ کالجز کی موجودہ گنجائش اور طلبہ کی تعداد کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا۔ ڈی پی آئی کالجز کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق صوبہ بھر کے 750 سے زائد سرکاری کالجز نئی پالیسی کے تحت داخلے کریں گے۔ محکمہ کے مطابق بیشتر سرکاری کالجز پہلے ہی اپنی مقررہ استعداد

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 69)

چنیوٹ، چیئرمین علما مشائخ کونسل مولانا طاہر اشرفی پیغام امن کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ غازی خان میں کپاس و دھان سیمینار کا انعقاد

کاشتکاروں کو جدید زرعی معلومات اور ٹیکنالوجی کی فراہمی وقت کی اہم ضرورت ہے، عثمان خالد

ڈیرہ غازی خان (ڈویژنل بیورو چیف) محکمہ زراعت کے زیر اہتمام ڈیرہ غازی خان میں کپاس و دھان سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر ڈیرہ غازی خان عثمان خالد نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سیمینار میں ڈائریکٹر زراعت مہر عابد حسین، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل محمد اسد چانڈیہ، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت غلام حسین بزدار، چیف افسر ضلع کونسل جواد الحسن گوندل، محکمہ زراعت کے مختلف شعبہ جات پلانٹ پروٹیکشن اور دیگر ونگز کے افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 68)


ڈیرہ غازی خان، ڈپٹی کمشنر محمد عثمان خالد محکمہ زراعت کے افسران کے ہمراہ گندم کا پیداواری مقابلہ جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں

شہزاد نواز کا مستقبل میں کوئی بھی صدارتی اعزاز قبول نہ کرنے کا اعلان

پرائیڈ آف پرفارمنس ایوارڈ اب تک بہت سے ایسے لوگوں کو نہیں ملا جو حقیقت میں اس کے مستحق تھے

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کے سینئر اداکار شہزاد نواز نے کہا ہے کہ اگر مجھے مستقبل میں پرائیڈ آف پرفارمنس یا کوئی صدارتی اعزاز دیا گیا تو اسے قبول نہیں کروں گا، کیونکہ میرے نزدیک بہت سے مستحق فنکار آج بھی اس اعزاز سے محروم ہیں۔ متعدد مقبول ڈراموں میں اپنی جاندار اداکاری سے پہچانے جانے والے شہزاد نواز نے حال ہی میں ایک یوٹیوب چینل پر گفتگو کرتے ہوئے صدارتی اعزازات کی تقسیم کے معیار پر کھل کر اظہار خیال کیا۔ اس موقع پر شہزاد نواز نے کہا کہ

(باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد جنید ملک نے درانی آرٹ پریس ملتان سے چھپوا کر مکان نمبر 11 گلی نمبر 08 بلاک یونیو ملتان سے شائع کیا۔ ریذیڈنٹ ایڈیٹر: اسد اللہ داؤدی
فون نمبر: 0302-8652233
asiaurdu1@gmail.com